NHS Greater Glasgow and Clyde

رشتہ داروں کے لیے انفرادی طور پر

ورچوئل ویزیٹنگ (ویڈیو ملاقات)

گائیڈ

یہ کس کے لیے ہے؟

یہ گائیڈ مریضوں یا خاندان کے افراد کو ان کے اپنے آلے پر اسکائپ کالز وصول کرنے میں مدد دینے کے لیے ہے۔ براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ رشتہ داروں کو این ایچ ایس کے آئی پیڈ پر کال نہیں کرنی چاہیے بلکہ اپنے فون پر ہماری کال کا انتظار کریں۔

اس گائیڈ کے بارے میں معلومات

اسکائپ مختلف آلات پر کام کرتا ہے۔ آپ کے مخصوص آلے کے استعمال کے لیے صحیح ورژن ڈاؤن لوڈ کرنا ضروری ہے۔

یہ کیا کرتا ہے؟

اسکائپ کالز بشمول ویڈیو کالزکرنے کے لیے ایک مواصلاتی ٹول ہے۔ ایک کال میں ایک سے زیادہ لوگ منسلک کیے جا سکتے ہیں۔

پہلی بار سیٹ اپ کرنا

1. **اپنے کمپیوٹر، موبائل فون یا ٹیبلٹ میں اسکائپ ڈاؤن لوڈ کرنا۔**

اسکائپ سے ویڈیو کال موصول کرنے کے لیے آپ کو اپنے کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، ٹیبلٹ، یا موبائل فون پر اسکائپ کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے اسکائپ موجود نہ ہو تو آپ کو یہ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ ایپ اسٹور میں جا کر اور اسکائپ تلاش کر کے اپنے آلے کے لیے ڈاؤلوڈ کر سکتے ہیں۔ آپ کو اسکائپ کا صحیح ورژن انسٹال کرنے کی ضرورت ہو گی مثال کے طور پر:

- اسکائپ برائے کینڈل
- اسکائپ برائے آئی پیڈ
- اسکائپ برائے اینڈرائیڈ

ایک بار جب آپ کو اسکائپ کا وہ ورژن مل جائے جو آپ کے آلے پر کام کرتا ہو تو 'انسٹال' پر کلک کریں۔ جب انسٹال ہو جائے تو اسکائپ کو اوپن کریں۔ اس کے بعد آپ کو لاگ ان کرنے کی ضرورت ہو گی۔

2. اسکائپ میں لاگ ان کرنا

اگر آپ نے پہلے کبھی بھی اسکائپ استعمال نہ کیا ہوتو آپ کے پاس نیا اکاؤنٹ بنانے کا آپشن موجود ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس Microsoft account [مائیکروسافٹ اکاؤنٹ] پہلے سے ہی سے موجود ہو تو بھی آپ اسکائپ میں لاگ ان کرسکتے ہیں۔



ایک بار جب آپ لاگ ان ہوجاتے ہیں تو اسکائپ آپ کو ٹیسٹ کرنے کا کہے گا تاکه اس امر کو یقینی بنایا جا سکے که آپ کا مائیکروفون اور کیمرہ کام کر رہا ہے۔ آپ کو چند ایک آپشنز سیٹ کرنے کے بارے میں بھی کہا جا سکتا ہے براہ کرم **accept all options** [تمام آپشنز قبول کریں]

3. اپنےاسکائپ کا نام رکھنا



کسی کو ویڈیو کال کرنے کے لیے آپ کو اسے اسکائپ ڈائریکٹری میں تلاش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جوکه فون بک میں کسی کی تفصیلات تلاش کرنے جیسا کام ہے۔ آپ لوگوں کو تلاش کرنے کے لیے اسکرین کے بالائی حصے میں موجود سرچ باکس میں تفصیلات لکھ سکتے ہیں۔



تلاش کرنے کے لیے آپ کوئی نام ٹائپ کرسکتے ہیں تاہم آپ کو اس نام والے تمام افراد کی ایک فہرست ملے گی۔



اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ویڈیو کال صحیح شخص کو جائے آپ اپنے پروفائل میں فون نمبر یا ای میل ایڈریس شامل کر سکتے ہیں جس کے بعد کال کرنے والا اس کو تلاش کر سکتا ہے۔ آپ یہ بھی چیک کر سکتے ہیں کہ آپ کا اسکائپ نام کیا ہے اور فون کرنے والے کو یہ فراہم کر سکتے ہیں۔

اپنے پروفائل میں تفصیلات شامل کرنے کے لیے یا یہ دیکھنے کے لیے کہ آپ کا اسکائپ نام کیا ہے اسکرین کے بالائی حصے پر اپنے ابتدائی نام اور 'اسکائپ پروفائل' پر کلک کریں۔

یہاں سے آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کا 'اسکائپ نام' کیا ہے، آپ ایک ای میل ایڈریس شامل کر سکتے ہیں، اور آپ اپنے اکاؤنٹ میں مزید معلومات شامل کرنے کے لیے 'دوسرے طریقے جن سے لوگ آپ کو ڈھونڈ سکتے ہیں' پر کلک کر سکتے ہیں جیسا کہ موبائل نمبر۔





براہ کرم نوٹ کریں کہ کال کرنے والا آپ کو
آسانی سے ڈھونڈ سکے آپ کو 'سرچ رزلٹ
میں ظاہر ہونے appear in search
results' کا آپشن بھی منتخب کرنا ہوگا۔
اس کو آپ سیٹنگ اور پھر اپنے پروفائل میں
جا کر تلاش کر سکتے ہیں:

آپ اپنے اسکائپ اکاؤنٹ کی مزید تفصیلات دیکھیں گے بشمول **discoverability [دریافت]** کے بارے میں ایک سیکشن۔ آپ **appear in search results** [تلاش کے نتائج میں ظاہر ہونے] سے اتفاق کرنے کے لیے باکس پر ٹک کر سکتے ہیں۔ اگر آپ باکس پر نشان نہ بھی لگانا چاہتے ہوں تو بھی لوگ اب آپ کو ای میل ایڈریس کے ذریعے تلاش کرسکتے ہیں لہذا اس امر یقینی بنائیں کہ آپ نے اپنے اکاؤنٹ میں ایک ای میل ایڈریس شامل کیا ہو۔



ایک بار جب آپ نے اپنے اکاؤنٹ میں تفصیلات شامل کر لی ہوں اور اپنے آپ کو ’’ قابل دریافت discoverable ‘‘ بنا لیا ہو تو آپ کال کرنے والے کو اپنی تفصیلات دے سکتے ہیں اور اب وہ ویڈیو کال کرنے کے لیے آپ کو تلاش کر سکیں گے۔

<u>کال کیسے وصول کی جائے</u>

ویڈیو کال موصول کرنے کے لیےاسکائپ کھولیں اور یقینی بنائیں کہ آپ لاگ ان ہیں اور اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ اگر اسکائپ آپ سے یہ کرنے کو کہے تو **accept all options** [تمام آپشنز قبول کریں] ۔ جب کوئی آپ کو کال کر رہا ہو تو آپ کو اپنے آلے پر ایک شور سنائی دے گا اور آپ کو اپنی اسکرین کے اوپر ایک پیغام نظر آئے گا جس میں کہا جاتا ہے 'انکمنگ کال'۔ کال کا جواب دینے اور کال کرنے والے کو دکھائی دینے کے ساتھ ساتھ آپ کی بات سنائی دینے کے لیے اسکرین کے بالائی حصے میں کیمرے کے گرین آئیکون پر کلک کریں:



کال کیسے ختم کی جائے

کال ختم کرنے کے لیے سرخ بٹن پر کلک کریں۔

اہم نقاط

ہم رشتہ داروں کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اسکائپ کا استعمال کرتے ہوئے **تصاویر یا ویڈیو نہ بھیجیں** کیونکہ یہ اسکائپ کی شرائط و ضوابط سے مشروط ہوگا(https://www.skype.com/en/legal/)۔ اگر کوئی رشتہ دار ایسا کرنے کا انتخاب کرے تو اس کی ذمہ داری بذات خود اس پر ہو گی۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ اسکائپ ٹو اسکائپ کالز **مفت** ہیں لیکن **اسکائپ کے ذریعے پیغامات بھیجنا یا باہر کال کرنا قابل ادائیگی ہے۔**

خرابیوں کا سراغ لگانا

آپ یہاں یوٹیوب پر مرحلہ وار سبق حاصل کرسکتے ہیں:
https://www.youtube.com/watch?v=x2fO2Fg-WmU

اگرآپ کو اس ایپ کے استعمال کے بارے میں مزید مدد کی ضرورت ہو تو براہ کرم اپنا سوال اس پر بھیجیں:
virtual.visit@ggc.scot.nhs.uk.